نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

وزیر زراعت ولائیوسٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی سے امریکی قونصل جنرل کرسٹین کے ہاکنز کی ملاقات

زراعت اور لائیوسٹاک کے شعبوں میں باہمی تعاون کو فروغ دینے پر تبادلہ خیال

پنجاب کے زرعی شعبہ میں جدید ٹیکنالوجی متعارف کروانے اور کوالٹی سیڈ کی تیاری میں امریکی پرائیویٹ کمپنیاں معاونت کے لیے تیار ہیں

اسٹیٹ ڈیپارٹمنٹ آف ایگریکلچر کیلیفورنیا کے زرعی ماہرین وسائنسدان جلد محکمہ زراعت پنجاب کا دورہ کریں گے۔امریکی قونصل جنرل کرسٹین کے ہاکنز

یو ایس ایڈ کے تحت پنجاب کے ایگریکلچر پراجیکٹس میں امریکی مالی امداد و معاونت کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں

وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی قیادت میں پنجاب حکومت کا فوکس زرعی شعبہ کی ترقی پر مرکوز ہے۔وزیر زراعت پنجاب ولائیو سٹاک سید عاشق حسین کرمانی

لاہور: 06 جون 2024: وزیر زراعت و لائیو سٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی سے لاہور میں امریکی قونصل جنرل کرسٹین کے ہاکنز (Hawkins Kristin K) نے ملاقات کی۔اجلاس میں زراعت اور لائیوسٹاک کے شعبوں میں باہمی تعاون کو فروغ دینے پر تبادلہ خیال کیا گیا۔اس موقع پر سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو اور وائس چانسلر زرعی یونیورسٹی فیصل آباد ڈاکٹر اقرار احمد خان بھی موجود تھے۔

امریکی قونصل جنرل کرسٹین کے ہاکنز نے اجلاس سے خطاب میں کہا کہ پنجاب کے زرعی شعبہ میں جدید ٹیکنالوجی متعارف کروانے اور کوالٹی سیڈ کی تیاری میں امریکی پرائیویٹ کمپنیاں معاونت کے لیے تیار ہیں۔انھوں نے کہا کہ اسٹیٹ ڈیپارٹمنٹ آف ایگریکلچر کیلیفورنیا کے زرعی ماہرین و سائنسدان جلد محکمہ زراعت پنجاب کا دورہ کریں گے۔

وزیر زراعت و لائیو سٹاک پنجاب سید عاشق حسین کرمانی نے کہا کہ یو ایس ایڈ کے تحت پنجاب کے ایگریکلچر پراجیکٹس میں امریکی مالی امداد و معاونت کو قدر کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی قیادت میں پنجاب حکومت کا فوکس زرعی شعبہ کی ترقی پر مرکوز ہے جس کے لیے بھرپور اقدامات اٹھائے جا رہے ہیں۔انھوں نے کہا کہ 400 ارب روپے کی خطیر رقم سے "ٹرانسفارمنگ پنجاب ایگریکلچر پروگرام" پر عملدرآمد جاری ہے جس کے تحت دو سالوں میں کاشتکاروں کو 300 ارب روپے کے بلاسود قرضے فراہم کئے جائیں گے۔صوبائی وزیر زراعت نے کہا کہ زرعی مشینری کے فروغ اور کسانوں کے الیکٹرک ٹیوب ویلز کو سولر پر منتقل کرنے کے لیے اقدامات کیے جا رہے ہیں۔انھوں نے کہا کہ سٹرلیس (Citrus) کے نئے ریسرچ اینڈ ڈویلپمنٹ سنٹر کے قیام، باغات کی بحالی اور نرسریاں بنانے کے لیے ہمیں کیلیفورنیا اسٹیٹ کی مدد درکار ہے۔سید عاشق حسین کرمانی نے کہا کہ ہماری زراعت کا 60 فیصد حصہ لائیوسٹاک سیکٹر پر مبنی ہے۔وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے لائیوسٹاک شعبہ کی ترقی کے لیے متعدد پروگرام منظور کیے ہیں۔انھوں نے مزید کہا کہ پنجاب حکومت کی توجہ گوشت کی برآمدات بڑھانے، دودھ کی پیداوار میں اضافہ اور بریڈ امپرومنٹ پر مرکوز ہے۔

سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو نے اس موقع پر کہا کہ پنجاب حکومت کی اولین ترجیح زراعت ہے۔ پنجاب میں گندم اور چاول کی فی ایکڑ پیداوار میں زبردست اضافہ دیکھا گیا ہے۔افتخار علی سہو نے مزید کہا کہ پنجاب حکومت اور کیلیفورنیا اسٹیٹ کے درمیان بڑی مشینری، سیڈ، فرٹیلائزر اور پیسٹی سائیڈ کی فراہمی کے امور پر باہمی رابطہ اور ریگولر ڈائیلاگ کرنے کی ضرورت ہے۔

☆☆☆☆